اردو (لازمی)	نہم 2018ء	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	(پہلا گروپ)	کل نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A‘B‘C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- ننھا عید کے روز میلے میں سے لایا تھا:

(a) کھلونا گاڑی ✓ (b) غلیل

(c) لٹو (d) مٹھائی

2- دکان کھولنے سے پہلے دکاندار کو چاہیے کہ وہ دہشت گردی کے حوالے سے جائزہ لے:

(a) اردگرد کے افراد کا (b) اردگرد مشکوک اشیا کا ✓

(c) اردگرد کی دکانوں کا (d) تالوں کا

3- صبح قریش کی آنکھیں کھلیں، تو پلنگ پر آنحضرت صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کی بجائے تھے:

(a) حضرت ابوبکرؓ (b) حضرت عمرؓ

(c) حضرت عثمانؓ (d) جناب امیرؓ ✓

4- امیر مینائی نے بے داغ لالہ اور بے خار گل کسے کہا ہے:

(a) پھولوں کو (b) آنحضرت صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کو ✓

(c) صحابہ کرامؓ کو (d) بزرگانِ دین کو

5- عمر دراز مانگ کے لائے تھے۔۔۔۔:

(a) چار گھنٹے (b) چار دن ✓

(c) چار ماہ (d) چار سال

6- فقیر کی مؤنث ہے:

(a) فقیرنی ✓
(b) فقیری
(c) فقیرن
(d) فقیریا

7- تاریک کا متضاد ہے:

(a) روشنی
(b) چاندنی
(c) روشن ✓
(d) اندھیرا

8- ذکر کی جمع ہے:

(a) ذاکر
(b) اذکار ✓
(c) ذاکرین
(d) مذکور

9- میں نے بھی تقدیر اور تدبیر پر لکچر دے کر ثابت کر دیا کہ تدبیر کوئی۔۔۔:

(a) مسئلہ نہیں
(b) چیز نہیں ✓
(c) معاملہ نہیں
(d) پریشانی نہیں

10- مسرت کا مترادف ہے:

(a) حسرت
(b) حیرت
(c) ہنسی
(d) خوشی ✓

11- ادیان کا واحد ہے:

(a) دن
(b) دنیا
(c) دین ✓
(d) دیوان

12- کملی میں کون مگن رہتا ہے:

(a) گدا ✓
(b) شاہ
(c) درویش
(d) فقیر

13- سلیم کو کس نے آ کر جگایا:

(a) حضرت بی نے
(b) بیدارا نے ✓
(c) ماں نے
(d) باپ نے

14- دن بھر اُلو آرام کرتا ہے اور رات بھر کرتا ہے:

(a) کُو کُو
(b) چُوں چُوں
(c) تُو تُو
(d) ہُو ہُو ✓

15- میر اور مرزا کے کلام پر تکرار کرنے والے کس کے مرید تھے:

(a) مرزا غالب کے
(b) میر درد کے
(c) خواجہ باسط کے ✓
(d) سودا کے